# القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَةِ

# سُورَةُ الشُّعَرَاءِ

## لفظی اور بامحاورہ ترجمہ


By Shehla Rani

HAQUE

Coaching and Consulting

00966 503 370483

# ﴿سُورَةُ الشُّعَرَاءِ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

طسٓمٓ ۝١ تِلۡكَ ءَايَٰتُ ٱلۡكِتَٰبِ ٱلۡمُبِينِ ۝٢ لَعَلَّكَ بَٰخِعٞ

| طسٓمٓ ۝١ | تِلۡكَ | ءَايَٰتُ | ٱلۡكِتَٰبِ ٱلۡمُبِينِ ۝٢ | لَعَلَّكَ | بَٰخِعٞ |
|---|---|---|---|---|---|
| طسٓمٓ ۝١ | یہ | آیات ہیں | واضح کتاب کی | شاید کہ آپؐ | ہلاک کر ڈالیں |
| طسٓمٓ ۝١ یہ واضح کتاب کی آیات ہیں۔ (اے نبی ﷺ)شاید کہ آپؐ اپنے آپؐ کو | | | | | |

نَّفۡسَكَ أَلَّا يَكُونُواْ مُؤۡمِنِينَ ۝٣ إِن نَّشَأۡ نُنَزِّلۡ

| نَّفۡسَكَ | أَلَّا يَكُونُواْ | مُؤۡمِنِينَ ۝٣ | إِن | نَّشَأۡ | نُنَزِّلۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| اپنے آپؐ کو | اس لیے کہ وہ نہیں ہوتے | ایمان لانے والے | اگر | ہم چاہیں | تو نازل کر دیں |
| ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے ہلاک کر ڈالیں۔ اگر ہم چاہیں تو اُن پر آسمان سے کوئی نشانی نازل کر دیں | | | | | |

عَلَيۡهِم مِّنَ ٱلسَّمَآءِ ءَايَةٗ فَظَلَّتۡ أَعۡنَٰقُهُمۡ لَهَا

| عَلَيۡهِم | مِّنَ ٱلسَّمَآءِ | ءَايَةٗ | فَظَلَّتۡ | أَعۡنَٰقُهُمۡ | لَهَا |
|---|---|---|---|---|---|
| اُن پر | آسمان سے | کوئی نشانی | پھر ہو جائیں | ان کی گردنیں | اس کے لیے |
| جس کے سامنے اُن کی گردنیں جھکنے والی ہو جائیں۔ | | | | | |

خَٰضِعِينَ۝٤ وَمَا يَأۡتِيهِم مِّن ذِكۡرٖ مِّنَ ٱلرَّحۡمَٰنِ مُحۡدَثٍ إِلَّا

| خَٰضِعِينَ۝٤ | وَمَا يَأۡتِيهِم | مِّن ذِكۡرٖ | مِّنَ ٱلرَّحۡمَٰنِ | مُحۡدَثٍ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| جھکنے والی | اور اُن کے پاس نہیں آتی | کوئی نصیحت (وحی) | رحمٰن کی طرف سے | نئی | مگر |
| اور اُن کے پاس رحمٰن کی طرف سے جو بھی نئی نصیحت آتی | | | | | |

كَانُواْ عَنۡهُ مُعۡرِضِينَ۝٥ فَقَدۡ كَذَّبُواْ فَسَيَأۡتِيهِمۡ

| كَانُواْ | عَنۡهُ | مُعۡرِضِينَ۝٥ | فَقَدۡ | كَذَّبُواْ | فَسَيَأۡتِيهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| وہ ہوتے ہیں | اس سے | منہ پھیرنے والے | پس یقیناً | انہوں نے جھٹلایا ہے | لہذا عنقریب انکے پاس آئیں گی |
| مگر یہ لوگ اس سے منہ پھیرنے والے ہی ہوتے ہیں۔ یقیناً ان لوگوں نے جھٹلایا ہے | | | | | |

أَنۢبَٰٓؤُاْ مَا كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ۝٦ أَوَ

| أَنۢبَٰٓؤُاْ | مَا | كَانُواْ | بِهِۦ | يَسۡتَهۡزِءُونَ۝٦ | أَوَ |
|---|---|---|---|---|---|
| خبریں | اس چیز کی کہ | وہ تھے | اس کا | مذاق اُڑاتے | اور کیا |
| لہذا عنقریب انکے پاس خبریں آئیں گی اس چیز کی کہ جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔ | | | | | |

لَمۡ يَرَوۡاْ إِلَى ٱلۡأَرۡضِ كَمۡ أَنۢبَتۡنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوۡجٖ

| لَمۡ يَرَوۡاْ | إِلَى ٱلۡأَرۡضِ | كَمۡ | أَنۢبَتۡنَا | فِيهَا | مِن كُلِّ زَوۡجٖ |
|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے نہیں دیکھا | زمین کی طرف | کتنے | ہم نے اُگائے | اس میں | ہر قسم کے جوڑے (چیزیں) |
| اور کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں دیکھا کہ اس میں ہم نے ہر قسم کی کس قدر عمدہ چیزیں اُگائیں ہیں۔ | | | | | |

كَرِيمٍ۝٧ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ۖ وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم

| أَكْثَرُهُم | وَمَا كَانَ | لَآيَةً ۖ | فِي ذَٰلِكَ | إِنَّ | كَرِيمٍ۝٧ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان کے اکثر | اور نہیں ہیں | یقیناً عظیم نشانی ہے | اس میں | بیشک | عمدہ؟ |

یقیناً اس میں عظیم نشانی ہے لیکن ان کی اکثریت ایمان لانے والی نہیں ہے۔

مُّؤْمِنِينَ۝٨ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلرَّحِيمُ۝٩

| ٱلرَّحِيمُ۝٩ | ٱلْعَزِيزُ | لَهُوَ | رَبَّكَ | وَإِنَّ | مُّؤْمِنِينَ۝٨ |
|---|---|---|---|---|---|
| بہت رحم کرنے والا | نہایت غالب | یقیناً وہی ہے | تیرا رب | اور بیشک | ایمان لانے والے |

اور یقیناً آپ ﷺ کا رب نہایت غالب' بہت رحم کرنے والا ہے۔

وَإِذْ نَادَىٰ رَبُّكَ مُوسَىٰٓ أَنِ ٱئْتِ

| ٱئْتِ | أَنِ | مُوسَىٰٓ | رَبُّكَ | نَادَىٰ | وَإِذْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو جا | یہ کہ | موسیٰ کو | آپؐ کے رب نے | آواز دی | اور (یاد کریں) جب |

اور یاد کرو جب پکارا تھا آپؐ کے رب نے موسیٰ کو کہ ظالم قوم کے پاس جاؤ۔

ٱلْقَوْمَ ٱلظَّٰلِمِينَ۝١٠ قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ أَلَا يَتَّقُونَ۝١١ قَالَ رَبِّ

| رَبِّ | قَالَ | أَلَا يَتَّقُونَ۝١١ | قَوْمَ فِرْعَوْنَ ۚ | ٱلْقَوْمَ ٱلظَّٰلِمِينَ۝١٠ |
|---|---|---|---|---|
| اے میرے رب! | (موسیٰ نے) کہا | کیا وہ ڈرتے نہیں؟ | یعنی قوم فرعون کے پاس | اس ظالم قوم کے پاس |

یعنی قوم فرعون کے پاس کیا وہ ڈرتے نہیں؟(موسیٰ نے) کہا اے میرے رب!

إِنِّيٓ أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ ﴿١٢﴾ وَيَضِيقُ صَدۡرِي

| إِنِّيٓ | أَخَافُ | أَن | يُكَذِّبُونِ ﴿١٢﴾ | وَيَضِيقُ | صَدۡرِي |
|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں | ڈرتا ہوں | اس سے کہ | وہ مجھے جھٹلائیں گے | اور تنگ ہوتا ہے | میرا سینہ |

بیشک میں ڈرتا ہوں اس سے کہ وہ مجھے جھٹلائیں گے اور میرا سینہ تنگ ہوتا ہے

وَلَا يَنطَلِقُ لِسَانِي فَأَرۡسِلۡ إِلَىٰ هَٰرُونَ ﴿١٣﴾ وَلَهُمۡ عَلَيَّ

| وَلَا يَنطَلِقُ | لِسَانِي | فَأَرۡسِلۡ | إِلَىٰ هَٰرُونَ ﴿١٣﴾ | وَلَهُمۡ | عَلَيَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور (تیز) نہیں چلتی | میری زبان | لہذا تو (وحی) بھیج | ہارون کی طرف | اور ان کا | میرے ذمے |

اور میری زبان بھی رواں نہیں 'لہذا آپ (یہ وحی) ہارون کی طرف بھیجئے۔

ذَنۢبٌ فَأَخَافُ أَن يَقۡتُلُونِ ﴿١٤﴾ قَالَ

| ذَنۢبٌ | فَأَخَافُ | أَن | يَقۡتُلُونِ ﴿١٤﴾ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|
| ایک گناہ (جرم) ہے | لہذا میں ڈرتا ہوں | اس سے کہ | وہ مجھے قتل کر دینگے | اس (اللہ) نے فرمایا |

اور میرے ذمے ان کا ایک جرم بھی ہے لہذا میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر دینگے۔اللہ نے فرمایا

كَلَّاۖ فَٱذۡهَبَا بِـَٔايَٰتِنَآۖ إِنَّا مَعَكُم مُّسۡتَمِعُونَ ﴿١٥﴾

| كَلَّاۖ | فَٱذۡهَبَا | بِـَٔايَٰتِنَآۖ | إِنَّا | مَعَكُم | مُّسۡتَمِعُونَ ﴿١٥﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہر گز نہیں! (ہو سکتا یہ) | لہذا تم دونوں جاؤ | ہماری نشانیوں کے ساتھ | یقیناً ہم | تمھارے ساتھ ہیں | خوب سننے والے ہیں |

ہر گز نہیں! تم دونوں ہماری نشانیوں کے ساتھ جاؤ یقیناً ہم تمھارے ساتھ ہیں 'سب سننے والے ہیں۔

فَأۡتِيَا فِرۡعَوۡنَ فَقُولَآ إِنَّا رَسُولُ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ١٦

| فَأۡتِيَا | فِرۡعَوۡنَ | فَقُولَآ | إِنَّا | رَسُولُ | رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ١٦ |
|---|---|---|---|---|---|
| پھر تم دونوں جاؤ | فرعون کے پاس | اور کہو | بیشک ہم | رسول ہیں | تمام جہانوں کے رب کے |
| پھر تم دونوں فرعون کے پاس جا کر کہو کہ بیشک ہم رب العالمین کے بھیجے ہوئے ہیں۔ | | | | | |

أَنۡ أَرۡسِلۡ مَعَنَا بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ١٧ قَالَ أَ

| أَنۡ | أَرۡسِلۡ | مَعَنَا | بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ١٧ | قَالَ | أَ |
|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | تو بھیج (آزاد کر) دے | ہمارے ساتھ | بنی اسرائیل کو | اس (فرعون) نے کہا | کیا |
| کہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ روانہ کر دے۔ فرعون نے کہا | | | | | |

لَمۡ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدٗا وَلَبِثۡتَ فِينَا مِنۡ عُمُرِكَ

| لَمۡ نُرَبِّكَ | فِينَا | وَلِيدٗا | وَلَبِثۡتَ | فِينَا | مِنۡ عُمُرِكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہم نے تیری پرورش نہیں کی تھی | اپنے ہاں | جبکہ تو بچہ تھا | اور تو ٹھہرا رہا ہے | ہمارے ہاں | اپنی عمر کے |
| کہ کیا ہم نے تمھیں چھوٹے ہوتے ہوئے اپنے ہاں پالا نہیں تھا؟ اور تم نے اپنی زندگی کے کئی سال ہمارے ہاں گزارے ہیں۔ | | | | | |

سِنِينَ ١٨ وَفَعَلۡتَ فَعۡلَتَكَ ٱلَّتِي فَعَلۡتَ وَأَنتَ

| سِنِينَ ١٨ | وَفَعَلۡتَ | فَعۡلَتَكَ | ٱلَّتِي | فَعَلۡتَ | وَأَنتَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کئی سال؟ | اور تو کر گیا | اپنا کام | وہ جو | تو کر گیا | اور تو |
| اور تو کر گیا اپنا کام وہ جو تو کر گیا | | | | | |

مِنَ ٱلۡكَٰفِرِينَ ۝١٩ قَالَ فَعَلۡتُهَآ إِذٗا وَأَنَا۠

| مِنَ ٱلۡكَٰفِرِينَ ۝١٩ | قَالَ | فَعَلۡتُهَآ | إِذٗا | وَأَنَا۠ |
|---|---|---|---|---|
| ناشکروں میں سے ہے | اس (موسیٰ) نے کہا | میں نے کیا تھا وہ (کام) | اس وقت | جبکہ میں |

اور تو ناشکروں میں سے ہے۔ موسیٰ نے کہا میں نے اس کام کو اس وقت کیا تھا

مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ۝٢٠ فَفَرَرۡتُ مِنكُمۡ لَمَّا خِفۡتُكُمۡ فَوَهَبَ

| مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ۝٢٠ | فَفَرَرۡتُ | مِنكُمۡ | لَمَّا | خِفۡتُكُمۡ | فَوَهَبَ |
|---|---|---|---|---|---|
| بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے تھا | پھر میں بھاگ گیا | تم سے | جب | میں تم سے ڈرا | پھر عطا کیا |

جبکہ میں بھٹکے ہوئے لوگوں میں سے تھا۔ پھر میں تم سے بھاگ گیا جب میں تم سے ڈرا

لِي رَبِّي حُكۡمٗا وَجَعَلَنِي مِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ۝٢١ وَتِلۡكَ

| لِي | رَبِّي | حُكۡمٗا | وَجَعَلَنِي | مِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ۝٢١ | وَتِلۡكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| مجھے | میرے رب نے | حکم (علم) | اور اس نے مجھے بنایا | رسولوں میں سے | اور (کیا یہی ہے) وہ |

پھر مجھے میرے رب نے حکم (علم) عطا کیا اور اس نے مجھے رسولوں میں سے بنایا۔

نِعۡمَةٞ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنۡ عَبَّدتَّ بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ۝٢٢

| نِعۡمَةٞ | تَمُنُّهَا | عَلَيَّ | أَنۡ | عَبَّدتَّ | بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ۝٢٢ |
|---|---|---|---|---|---|
| احسان | جس کا تو احسان جلاتا ہے | مجھ پر | (وہ) یہ ہے کہ | تو نے غلام بنا رکھا ہے | بنی اسرائیل کو |

اور یہ وہ احسان ہے جو تم مجھے جتلا رہے ہو جس کے عوض تم نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے۔

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ﴿٢٣﴾ قَالَ رَبُّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا

| قَالَ فِرْعَوْنُ | وَمَا | رَبُّ ٱلْعَـٰلَمِينَ ﴿٢٣﴾ | قَالَ | رَبُّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|
| فرعون نے کہا | اور کیا ہے | رب العالمین؟ | اس (موسیٰ) نے کہا | وہ آسمانوں اور زمین کا رب ہے | اور ان کا جو |
| "فرعون نے پوچھا کہ یہ رب العالمین کون ہے"؟ موسیٰ نے جواب دیا وہ آسمانوں اور زمین | | | | | |

بَيْنَهُمَآ ۖ إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ﴿٢٤﴾ قَالَ لِمَنْ

| بَيْنَهُمَآ ۖ | إِن | كُنتُم | مُّوقِنِينَ ﴿٢٤﴾ | قَالَ | لِمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان دونوں کے درمیان ہے | اگر | تم ہو | یقین کرنے والے | اس (فرعون) نے کہا | ان لوگوں سے جو |
| اور ان کے درمیان کی تمام چیزوں کا رب ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو۔ | | | | | |

حَوْلَهُۥٓ أَلَا تَسْتَمِعُونَ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ ءَابَآئِكُمُ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٢٦﴾

| حَوْلَهُۥٓ | أَلَا تَسْتَمِعُونَ ﴿٢٥﴾ | قَالَ | رَبُّكُمْ | وَرَبُّ ءَابَآئِكُمُ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٢٦﴾ |
|---|---|---|---|---|
| اس کے ارد گرد تھے | کیا تم سنتے نہیں؟ | (موسیٰ نے) کہا | وہ تمھارا رب ہے | اور تمھارے پہلے باپ دادا کا رب ہے |
| فرعون نے اپنے ارد گرد کے لوگوں سے کہا کیا تم سنتے نہیں؟ موسیٰ نے کہا وہ تمھارا اور تمھارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔ | | | | |

قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ ٱلَّذِىٓ أُرْسِلَ إِلَيْكُمْ

| قَالَ | إِنَّ | رَسُولَكُمُ | ٱلَّذِىٓ | أُرْسِلَ | إِلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| (فرعون نے) کہا | بیشک | تمھارا رسول | وہ جو | بھیجا گیا | تمھاری طرف |
| فرعون نے درباریوں سے کہا کہ تمھارا یہ رسول جسے تمھاری طرف بھیجا گیا ہے یقیناً دیوانہ ہے۔ | | | | | |

لَمَجْنُونٌ ﴿٢٧﴾ قَالَ رَبُّ ٱلْمَشْرِقِ وَٱلْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَآ

| لَمَجْنُونٌ ﴿٢٧﴾ | قَالَ | رَبُّ ٱلْمَشْرِقِ | وَٱلْمَغْرِبِ | وَمَا | بَيْنَهُمَآ |
|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً دیوانہ ہے | (موسیٰ نے) کہا | وہ مشرق کا رب ہے | اور مغرب کا | اور ان کا جو | ان دونوں کے درمیان ہے |
| موسیٰ نے کہا کہ وہ مشرق اور مغرب کا اور ان کے درمیان کی تمام چیزوں کا رب ہے | | | | | |

إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٢٨﴾ قَالَ لَئِنِ ٱتَّخَذْتَ إِلَٰهًا

| إِن كُنتُمْ | تَعْقِلُونَ ﴿٢٨﴾ | قَالَ | لَئِنِ | ٱتَّخَذْتَ | إِلَٰهًا |
|---|---|---|---|---|---|
| اگر تم ہو | عقل رکھتے | (فرعون نے) کہا | یقیناً اگر | تو نے پکڑا (بنایا) | کوئی اور معبود |
| اگر تم عقل رکھتے ہو۔ فرعون نے کہا کہ اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا | | | | | |

غَيْرِى لَأَجْعَلَنَّكَ مِنَ ٱلْمَسْجُونِينَ ﴿٢٩﴾ قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكَ

| غَيْرِى | لَأَجْعَلَنَّكَ | مِنَ ٱلْمَسْجُونِينَ ﴿٢٩﴾ | قَالَ | أَوَلَوْ | جِئْتُكَ |
|---|---|---|---|---|---|
| میرے سوا | تو البتہ میں ضرور تجھے بنا دوں گا | قیدیوں میں سے | (موسیٰ نے) کہا | کیا اگرچہ | میں تیرے پاس لاؤں |
| تو البتہ میں ضرور تجھے قیدیوں میں سے بنا دوں گا۔ موسیٰ نے کہا کیا اگرچہ میں تمھارے پاس کوئی واضح چیز لے کر آؤں؟ | | | | | |

بِشَىْءٍ مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾ قَالَ فَأْتِ بِهِۦٓ إِن كُنتَ

| بِشَىْءٍ | مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾ | قَالَ | فَأْتِ | بِهِۦٓ | إِن كُنتَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کوئی چیز | واضح (تو بھی)؟ | (فرعون نے) کہا | تو لے آ | وہ چیز | اگر تو ہے |
| فرعون نے کہا تو وہ چیز لے آ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ | | | | | |

مِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ﴿٣١﴾ فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ﴿٣٢﴾

| مِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ﴿٣١﴾ | فَأَلْقَىٰ | عَصَاهُ | فَإِذَا | هِيَ | ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ﴿٣٢﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| سچوں میں سے | چنانچہ اس (موسیٰ) نے ڈالا | اپنا عصا | تو اچانک | وہ تھا | واضح (زبردست) اژدھا |
| چنانچہ موسیٰ نے اپنا عصا ڈالا تو اچانک وہ واضح (زبردست) اژدھا بن گیا۔ | | | | | |

وَنَزَعَ يَدَهُۥ فَإِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنَّٰظِرِينَ﴿٣٣﴾

| وَنَزَعَ | يَدَهُۥ | فَإِذَا | هِيَ | بَيْضَآءُ | لِلنَّٰظِرِينَ﴿٣٣﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور اس نے نکالا | اپنا ہاتھ | تو اچانک | وہ تھا | سفید | دیکھنے والوں کے لیے |
| اور اس نے اپنا ہاتھ (اپنے گریبان سے) نکالا تو وہ دیکھنے والوں کے لیے سفید چمکدار تھا۔ | | | | | |

قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُۥٓ إِنَّ هَٰذَا لَسَٰحِرٌ

| قَالَ | لِلْمَلَإِ | حَوْلَهُۥٓ | إِنَّ | هَٰذَا | لَسَٰحِرٌ |
|---|---|---|---|---|---|
| اس (فرعون) نے کہا | ان وڈیروں سے | جو اس کے ارد گرد تھے | بیشک | یہ (موسیٰ) | یقیناً جادوگر ہے |
| فرعون نے اپنے ارد گرد وڈیروں سے کہا یہ تو واقعتاً ایک ماہر جادوگر ہے۔ | | | | | |

عَلِيمٌ﴿٣٤﴾ يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِۦ

| عَلِيمٌ﴿٣٤﴾ | يُرِيدُ | أَن | يُخْرِجَكُم | مِّنْ أَرْضِكُم | بِسِحْرِهِۦ |
|---|---|---|---|---|---|
| خوب جاننے والا (ماہر) | وہ چاہتا ہے | یہ کہ | تمھیں نکال دے | تمھاری زمین سے | اپنے جادو کے ذریعے سے |
| وہ چاہتا ہے کہ تمھیں تمھاری زمین سے اپنے جادو کے ذریعے سے نکال دے | | | | | |

فَمَاذَا تَأۡمُرُونَ۝٣٥ قَالُوٓاْ أَرۡجِهۡ وَأَخَاهُ وَٱبۡعَثۡ

| فَمَاذَا | تَأۡمُرُونَ۝٣٥ | قَالُوٓاْ | أَرۡجِهۡ | وَأَخَاهُ | وَٱبۡعَثۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| اب کیا | تم مشورہ دیتے ہو؟ | انہوں نے کہا | تو اسے مہلت دے | اور اس کے بھائی کو | اور تو بھیج |
| اب تم کیا مشورہ دیتے ہو؟ انہوں نے کہا تم اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دو | | | | | |

فِي ٱلۡمَدَآئِنِ حَٰشِرِينَ۝٣٦ يَأۡتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٖ۝٣٧ فَجُمِعَ

| فِي ٱلۡمَدَآئِنِ | حَٰشِرِينَ۝٣٦ | يَأۡتُوكَ بِكُلِّ | سَحَّارٍ عَلِيمٖ۝٣٧ | فَجُمِعَ |
|---|---|---|---|---|
| شہروں میں | اکٹھا کرنے والے | وہ تیرے پاس لے آئیں | بڑے بڑے ماہر جادوگر | چنانچہ جمع کیے گئے |
| اور تمام شہروں میں اکٹھا کرنے والے بھیجئے۔ وہ آپ کے پاس تمام بڑے بڑے ماہر جادوگروں کو لے آئیں۔ | | | | |

ٱلسَّحَرَةُ لِمِيقَٰتِ يَوۡمٖ مَّعۡلُومٖ۝٣٨ وَقِيلَ لِلنَّاسِ هَلۡ

| ٱلسَّحَرَةُ | لِمِيقَٰتِ | يَوۡمٖ مَّعۡلُومٖ۝٣٨ | وَقِيلَ | لِلنَّاسِ | هَلۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| جادوگر | (خاص) وقت پر | ایک معین دن کے | اور کہا گیا | لوگوں سے | کیا |
| پھر ایک مقررہ دن کے وعدے پر تمام جادوگر جمع کیے گئے۔ اور عام لوگوں سے بھی کہہ دیا گیا | | | | | |

أَنتُم مُّجۡتَمِعُونَ۝٣٩ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ ٱلسَّحَرَةَ إِن

| أَنتُم | مُّجۡتَمِعُونَ۝٣٩ | لَعَلَّنَا | نَتَّبِعُ | ٱلسَّحَرَةَ | إِن |
|---|---|---|---|---|---|
| تم (بھی) | جمع ہو گے؟ | تاکہ ہم | پیروی کریں | جادوگروں کی | اگر |
| کہ تم بھی مجمع میں حاضر ہو جاؤ گے؟ تاکہ ہم جادوگروں کی پیروی کریں | | | | | |

كَانُواْ هُمُ ٱلۡغَـٰلِبِينَ ۝٤٠ فَلَمَّا جَآءَ ٱلسَّحَرَةُ

| ٱلسَّحَرَةُ | جَآءَ | فَلَمَّا | ٱلۡغَـٰلِبِينَ ۝٤٠ | هُمُ | كَانُواْ |
|---|---|---|---|---|---|
| جادوگر | آئے | پھر جب | غالب آنے والے | وہی | ہوں |
| اگر وہی غالب رہیں۔ پھر جب جادوگر آئے | | | | | |

قَالُواْ لِفِرۡعَوۡنَ أَئِنَّ لَنَا لَأَجۡرًا إِن

| إِن | لَأَجۡرًا | لَنَا | أَئِنَّ | لِفِرۡعَوۡنَ | قَالُواْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اگر | واقعی صلہ ہو گا | ہمارے لیے | کیا بیشک | فرعون سے | تو انہوں نے کہا |
| تو انہوں نے فرعون سے پوچھا کہ کیا ہمیں انعام ملے گا | | | | | |

كُنَّا نَحۡنُ ٱلۡغَـٰلِبِينَ ۝٤١ قَالَ نَعَمۡ وَإِنَّكُمۡ

| وَإِنَّكُمۡ | نَعَمۡ | قَالَ | ٱلۡغَـٰلِبِينَ ۝٤١ | نَحۡنُ | كُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک تم | ہاں | کہا | غالب؟ | ہم ہی | ہوں |
| اگر ہم غالب آ گئے؟ فرعون نے کہا ضرور! | | | | | |

إِذًا لَّمِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ ۝٤٢ قَالَ لَهُم مُّوسَىٰٓ أَلۡقُواْ

| أَلۡقُواْ | مُّوسَىٰٓ | لَهُم | قَالَ | لَّمِنَ ٱلۡمُقَرَّبِينَ ۝٤٢ | إِذًا |
|---|---|---|---|---|---|
| تم ڈالو | موسیٰ نے | ان سے | کہا | یقیناً میرے مقربین میں سے ہو گے | اس وقت |
| اور بیشک تم اس وقت یقیناً میرے مقربین میں سے ہو گے۔ موسیٰ نے ان سے کہا | | | | | |

مَآ أَنتُم مُّلۡقُونَ ﴿٤٣﴾ فَأَلۡقَوۡاْ حِبَالَهُمۡ وَعِصِيَّهُمۡ

| مَآ | أَنتُم | مُّلۡقُونَ ﴿٤٣﴾ | فَأَلۡقَوۡاْ | حِبَالَهُمۡ | وَعِصِيَّهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| جو کچھ | تم | ڈالنے والے ہو | تو انہوں نے ڈالیں | اپنی رسیاں | اور اپنی لاٹھیاں |

جو کچھ تم نے ڈالنا ہے ڈال دو۔ تو انہوں نے اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں ڈالیں

وَقَالُواْ بِعِزَّةِ فِرۡعَوۡنَ إِنَّا لَنَحۡنُ ٱلۡغَٰلِبُونَ ﴿٤٤﴾ فَأَلۡقَىٰ

| وَقَالُواْ | بِعِزَّةِ فِرۡعَوۡنَ | إِنَّا | لَنَحۡنُ | ٱلۡغَٰلِبُونَ ﴿٤٤﴾ | فَأَلۡقَىٰ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور انہوں نے کہا | فرعون کی عزت کی قسم! | بیشک | ہم ہی | غالب آنے والے ہیں | پھر ڈالا |

اور انہوں نے کہا فرعون کی عزت کی قسم! بیشک ہم ہی غالب آنے والے ہیں۔

مُوسَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلۡقَفُ مَا

| مُوسَىٰ | عَصَاهُ | فَإِذَا | هِيَ | تَلۡقَفُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ نے | اپنا عصا | تو اچانک | وہ | نگلنے لگا | جو کچھ |

پھر موسیٰ نے اپنا عصا پھینکا تو یکا یک وہ نگلنے لگا اُس فریب کو جو انہوں نے بنایا تھا

يَأۡفِكُونَ ﴿٤٥﴾ فَأُلۡقِيَ ٱلسَّحَرَةُ سَٰجِدِينَ ﴿٤٦﴾ قَالُوٓاْ ءَامَنَّا

| يَأۡفِكُونَ ﴿٤٥﴾ | فَأُلۡقِيَ | ٱلسَّحَرَةُ | سَٰجِدِينَ ﴿٤٦﴾ | قَالُوٓاْ | ءَامَنَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| وہ جھوٹ باندھتے تھے | تب گرا دیئے گئے | وہ جادو گر | سجدہ کرتے ہوئے | انہوں نے کہا | ہم ایمان لائے |

یہ دیکھتے ہی سارے جادو گر سجدے میں گرا دیئے گئے۔ اور کہنے لگے کہ ہم تمام جہانوں کے رب پر ایمان لے آئے ہیں۔

بِرَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٤٧﴾ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿٤٨﴾ قَالَ ءَامَنتُمْ لَهُۥ

| بِرَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٤٧﴾ | رَبِّ مُوسَىٰ | وَهَٰرُونَ ﴿٤٨﴾ | قَالَ | ءَامَنتُمْ | لَهُۥ |
|---|---|---|---|---|---|
| رب العالمین پر | جو موسیٰ کا رب ہے | اور ہارون کا | (فرعون نے) کہا | کیا تم ایمان لے آئے ہو | اس پر |
| جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے۔ فرعون نے کہا کیا تم اس پر ایمان لے آئے ہو | | | | | |

قَبْلَ أَنْ ءَاذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُۥ لَكَبِيرُكُمُ ٱلَّذِى

| قَبْلَ أَنْ | ءَاذَنَ | لَكُمْ ۖ | إِنَّهُۥ | لَكَبِيرُكُمُ | ٱلَّذِى |
|---|---|---|---|---|---|
| اس سے پہلے کہ | میں اجازت دیتا | تمھیں | بیشک وہ | یقیناً تمھارا بڑا ہے | جس نے |
| اس سے پہلے کہ میں تمھیں اجازت دیتا یقیناً وہ تمھارا بڑا ہے | | | | | |

عَلَّمَكُمُ ٱلسِّحْرَ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۚ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ

| عَلَّمَكُمُ | ٱلسِّحْرَ | فَلَسَوْفَ | تَعْلَمُونَ ۚ | لَأُقَطِّعَنَّ | أَيْدِيَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تمھیں سکھایا ہے | جادو | پس یقیناً عنقریب | تم جان لوگے | البتہ میں ضرور کاٹوں گا | تمھارے ہاتھ |
| جس نے تمھیں جادو سکھایا ہے تو بہت جلد تمھیں اس کا انجام معلوم ہو جائے گا۔ | | | | | |

وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَٰفٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٩﴾

| وَأَرْجُلَكُم | مِّنْ خِلَٰفٍ | وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ | أَجْمَعِينَ ﴿٤٩﴾ |
|---|---|---|---|
| اور تمھارے پاؤں | (ایک دوسرے کی) مخالف سمت سے | اور یقیناً میں تمھیں ضرور سولی پر لٹکاؤنگا | سب کو |
| البتہ میں تمھارے ہاتھ اور تمھارے پاؤں (ایک دوسرے کی) مخالف سمت سے ضرور کاٹوں گا اور تم سب کو سولی پر لٹکادونگا۔ | | | |

قَالُواْ لَا ضَيۡرَۖ إِنَّآ إِلَىٰ رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ ۝٥٠ إِنَّا

| قَالُواْ | لَا ضَيۡرَۖ | إِنَّآ | إِلَىٰ رَبِّنَا | مُنقَلِبُونَ ۝٥٠ | إِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے کہا | کوئی حرج (پرواہ) نہیں | بیشک ہم | اپنے رب ہی کی طرف | لوٹنے والے ہیں | بیشک ہم |
| انہوں نے کہا کوئی حرج (پرواہ) نہیں بیشک ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ یقیناً ہم اُمید رکھتے ہیں | | | | | |

نَطۡمَعُ أَن يَغۡفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطَٰيَٰنَآ أَن

| نَطۡمَعُ | أَن | يَغۡفِرَ لَنَا | رَبُّنَا | خَطَٰيَٰنَآ | أَن |
|---|---|---|---|---|---|
| اُمید رکھتے ہیں | یہ کہ | ہمیں بخش دے گا | ہمارا رب | ہماری خطائیں | اس لیے کہ |
| کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں کو بخش دے گا | | | | | |

كُنَّآ أَوَّلَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ۝٥١ وَأَوۡحَيۡنَآ إِلَىٰ مُوسَىٰٓ أَنۡ

| كُنَّآ | أَوَّلَ | ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ۝٥١ | وَأَوۡحَيۡنَآ | إِلَىٰ مُوسَىٰٓ | أَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہم ہی ہیں | پہلے | ایمان لانے والے | اور ہم نے وحی کی | موسیٰ کی طرف | یہ کہ |
| اس لیے کہ ہم ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی | | | | | |

أَسۡرِ بِعِبَادِيٓ إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ۝٥٢ فَأَرۡسَلَ فِرۡعَوۡنُ فِي ٱلۡمَدَآئِنِ

| أَسۡرِ بِعِبَادِيٓ | إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ ۝٥٢ | فَأَرۡسَلَ | فِرۡعَوۡنُ | فِي ٱلۡمَدَآئِنِ |
|---|---|---|---|---|
| تو میرے بندوں کو رات کو نکال کرلے جا | بیشک تمھارا پیچھا کیا جائے گا | پھر بھیجے | فرعون نے | شہروں میں |
| کہ میرے بندوں کو راتوں رات نکال کرلے جا بیشک تمھارا پیچھا کیا جائے گا۔ | | | | |

حَـٰشِرِينَ ۝٥٣ إِنَّ هَـٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ ۝٥٤ وَإِنَّهُمْ

| وَإِنَّهُمْ | قَلِيلُونَ ۝٥٤ | لَشِرْذِمَةٌ | هَـٰٓؤُلَآءِ | إِنَّ | حَـٰشِرِينَ ۝٥٣ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک وہ | تھوڑی سی | یقیناً ایک جماعت | یہ لوگ ہیں | (یہ کہتے ہوئے) بیشک | اکھٹا کرنے والے |

تو فرعون نے تمام شہروں میں نقیب بھیج دیئے۔(یہ کہتے ہوئے) یقیناً یہ تو مٹھی بھر لوگ ہیں۔

لَنَا لَغَآئِظُونَ ۝٥٥ وَإِنَّا لَجَمِيعٌ حَـٰذِرُونَ ۝٥٦ فَأَخْرَجْنَـٰهُم

| فَأَخْرَجْنَـٰهُم | حَـٰذِرُونَ ۝٥٦ | لَجَمِيعٌ | وَإِنَّا | لَغَآئِظُونَ ۝٥٥ | لَنَا |
|---|---|---|---|---|---|
| چنانچہ ہم نے انہیں نکالا | خطرہ رکھنے والے ہیں | یقیناً سب | اور بیشک ہم | یقیناً غصہ دلانے والے ہیں | ہمیں |

اور بیشک انہوں نے ہمارے غصے کو بھڑکا دیا ہے۔اور یقیناً ہم سب خطرے میں پڑنے والے ہیں۔

مِّن جَنَّـٰتٍ وَعُيُونٍ ۝٥٧ وَكُنُوزٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ۝٥٨ كَذَٰلِكَ ۖ

| كَذَٰلِكَ ۖ | وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ۝٥٨ | وَكُنُوزٍ | وَعُيُونٍ ۝٥٧ | مِّن جَنَّـٰتٍ |
|---|---|---|---|---|
| اور اسی طرح (ہوا) | اور عمدہ قیام گاہوں سے | اور خزانوں | اور چشموں | باغات سے |

چنانچہ ہم نے انہیں باغات اور چشموں سے نکالا اور خزانوں اور عمدہ قیام گاہوں سے (بھی نکال دیا)

وَأَوْرَثْنَـٰهَا بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ۝٥٩ فَأَتْبَعُوهُم

| فَأَتْبَعُوهُم | بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ۝٥٩ | وَأَوْرَثْنَـٰهَا |
|---|---|---|
| چنانچہ وہ (فرعونی) ان (بنی اسرائیل) کے پیچھے لگے | بنی اسرائیل کو | اور ہم نے ان چیزوں کا وارث بنایا |

اور اسی طرح ہوا اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان چیزوں کا وارث بنایا۔

مُّشۡرِقِينَ۝٦٠ فَلَمَّا تَرَٰٓءَا ٱلۡجَمۡعَانِ قَالَ أَصۡحَٰبُ مُوسَىٰٓ إِنَّا

| إِنَّا | قَالَ أَصۡحَٰبُ مُوسَىٰٓ | ٱلۡجَمۡعَانِ | تَرَٰٓءَا | فَلَمَّا | مُّشۡرِقِينَ۝٦٠ |
|---|---|---|---|---|---|
| بیشک ہم | تو اصحاب موسیٰ نے کہا | دونوں جماعتوں نے | ایکدوسرے کو دیکھا | پھر جب | سورج نکلتے وقت |
| پس فرعونی سورج نکلتے ہی ان کے تعاقب میں نکلے۔ پھر جب دونوں جماعتوں نے ایکدوسرے کو دیکھا تو اصحاب موسیٰ نے کہا | | | | | |

لَمُدۡرَكُونَ۝٦١ قَالَ كَلَّآۖ إِنَّ مَعِيَ رَبِّي

| رَبِّي | مَعِيَ | إِنَّ | كَلَّآۖ | قَالَ | لَمُدۡرَكُونَ۝٦١ |
|---|---|---|---|---|---|
| میرا رب ہے | میرے ساتھ | بیشک | ہرگز نہیں! | (موسیٰ نے) کہا | یقیناً پکڑے گئے |
| کہ اب تو ہم پکڑے گئے۔ موسیٰ نے کہا ہرگز نہیں! بیشک میرے ساتھ میرا رب ہے | | | | | |

سَيَهۡدِينِ۝٦٢ فَأَوۡحَيۡنَآ إِلَىٰ مُوسَىٰٓ أَنِ ٱضۡرِب بِّعَصَاكَ

| بِّعَصَاكَ | ٱضۡرِب | أَنِ | إِلَىٰ مُوسَىٰٓ | فَأَوۡحَيۡنَآ | سَيَهۡدِينِ۝٦٢ |
|---|---|---|---|---|---|
| اپنا عصا | تو مار | یہ کہ | موسیٰ کی طرف | تب ہم نے وحی کی | وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا |
| وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا۔ تب ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنی عصا سمندر پر مارو | | | | | |

ٱلۡبَحۡرَۖ فَٱنفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرۡقٖ كَٱلطَّوۡدِ

| كَٱلطَّوۡدِ | فِرۡقٖ | كُلُّ | فَكَانَ | فَٱنفَلَقَ | ٱلۡبَحۡرَۖ |
|---|---|---|---|---|---|
| جیسے پہاڑ | ٹکڑا (سمندر کا) | ہر ایک | پھر ہو گیا | تو وہ (سمندر) پھٹ گیا | سمندر پر |
| تو وہ (سمندر) پھٹ گیا اور ہر حصہ ایک بہت بڑے پہاڑ کی طرح ہو گیا۔ | | | | | |

ٱلۡعَظِيمِ۝٦٣ وَأَزۡلَفۡنَا ثَمَّ ٱلۡأٓخَرِينَ۝٦٤ وَأَنجَيۡنَا مُوسَىٰ

| ٱلۡعَظِيمِ۝٦٣ | وَأَزۡلَفۡنَا | ثَمَّ | ٱلۡأٓخَرِينَ۝٦٤ | وَأَنجَيۡنَا | مُوسَىٰ |
|---|---|---|---|---|---|
| بہت بڑا | اور ہم نے قریب کر دیا | وہاں (سمندر کے) | دوسروں (فرعونیوں) کو | اور ہم نے نجات دی | موسیٰ کو |

اور ہم نے وہاں (سمندر کے) دوسروں (فرعونیوں) کو قریب کر دیا۔

وَمَن مَّعَهُۥٓ أَجۡمَعِينَ۝٦٥ ثُمَّ أَغۡرَقۡنَا ٱلۡأٓخَرِينَ۝٦٦

| وَمَن | مَّعَهُۥٓ | أَجۡمَعِينَ۝٦٥ | ثُمَّ | أَغۡرَقۡنَا | ٱلۡأٓخَرِينَ۝٦٦ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور ان لوگوں کو جو | اس کے ساتھ تھے | سبھی کو | پھر | ہم نے غرق کر دیا | دوسروں (فرعونیوں) کو |

اور ہم نے موسیٰ کو اور اُن کے تمام ساتھیوں کو نجات دی۔ پھر ہم نے دوسروں (فرعونیوں) کو غرق کر دیا۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَةٗۖ وَمَا كَانَ أَكۡثَرُهُم مُّؤۡمِنِينَ۝٦٧

| إِنَّ | فِي ذَٰلِكَ | لَأٓيَةٗۖ | وَمَا كَانَ | أَكۡثَرُهُم | مُّؤۡمِنِينَ۝٦٧ |
|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اس میں | یقیناً ایک عظیم نشانی ہے | اور نہیں تھے | ان کے اکثر | ایمان لانے والے |

یقیناً اس میں ایک عظیم نشانی ہے لیکن ان کی اکثریت ایمان لانے والے نہیں تھی۔

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلرَّحِيمُ۝٦٨ وَٱتۡلُ

| وَإِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | ٱلۡعَزِيزُ | ٱلرَّحِيمُ۝٦٨ | وَٱتۡلُ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک | آپ کا رب | یقیناً وہی ہے | نہایت غالب | بہت رحم کرنے والا | اور آپ تلاوت کیجیے |

اور یقیناً آپؐ کا رب بہت زبردست 'نہایت رحم کرنے والا ہے۔

عَلَيۡهِمۡ نَبَأَ إِبۡرَٰهِيمَ ﴿٦٩﴾ إِذۡ قَالَ لِأَبِيهِ

| لِأَبِيهِ | قَالَ | إِذۡ | إِبۡرَٰهِيمَ ﴿٦٩﴾ | نَبَأَ | عَلَيۡهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| اپنے باپ سے | اس نے کہا | جب | ابراہیم کی | خبر | ان (کفار مکہ) پر |

اور ان کو ابراہیم کی خبر پڑھ کر سنایئے۔ جب ابراہیم نے اپنے والد اور اپنی قوم سے کہا

وَقَوۡمِهِۦ مَا تَعۡبُدُونَ ﴿٧٠﴾ قَالُواْ نَعۡبُدُ أَصۡنَامًا فَنَظَلُّ

| فَنَظَلُّ | أَصۡنَامًا | نَعۡبُدُ | قَالُواْ | مَا تَعۡبُدُونَ ﴿٧٠﴾ | وَقَوۡمِهِۦ |
|---|---|---|---|---|---|
| پس ہم ہمیشہ رہینگے | بتوں کی | ہم عبادت کرتے ہیں | انہوں نے کہا | کس چیز کی تم عبادت کرتے ہو؟ | اور اپنی قوم سے |

کس چیز کی تم عبادت کرتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں

لَهَا عَٰكِفِينَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلۡ يَسۡمَعُونَكُمۡ إِذۡ

| إِذۡ | يَسۡمَعُونَكُمۡ | هَلۡ | قَالَ | عَٰكِفِينَ ﴿٧١﴾ | لَهَا |
|---|---|---|---|---|---|
| جب | وہ تمھاری (پکار) سنتے ہیں | کیا | (ابراہیمؑ نے) کہا | تعظیم (عبادت) کرنے والے | ان کی |

پس ہم ہمیشہ ان کی تعظیم (عبادت) کرنے والے رہینگے۔ (ابراہیمؑ نے) کہا کیا وہ تمھاری (پکار) سنتے ہیں

تَدۡعُونَ ﴿٧٢﴾ أَوۡ يَنفَعُونَكُمۡ أَوۡ يَضُرُّونَ ﴿٧٣﴾ قَالُواْ

| قَالُواْ | يَضُرُّونَ ﴿٧٣﴾ | أَوۡ | يَنفَعُونَكُمۡ | أَوۡ | تَدۡعُونَ ﴿٧٢﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے کہا | وہ نقصان دیتے ہیں؟ | یا | وہ تمھیں نفع دیتے ہیں | یا | تم انہیں پکارتے ہو؟ |

جب تم انہیں پکارتے ہو؟ یا وہ تمھیں کوئی نفع یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ انہوں نے کہا

بَلۡ وَجَدۡنَآ ءَابَآءَنَا كَذَٰلِكَ يَفۡعَلُونَ ٧٤ قَالَ

| بَلۡ | وَجَدۡنَآ | ءَابَآءَنَا | كَذَٰلِكَ | يَفۡعَلُونَ ٧٤ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|
| بلکہ | ہم نے پایا | اپنے باپ دادا کو | اسی طرح | وہ کرتے تھے | (ابراہیمؑ نے) کہا |

بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے ہوئے پایا ہے۔(ابراہیمؑ نے) کہا

أَفَرَءَيۡتُم مَّا كُنتُمۡ تَعۡبُدُونَ ٧٥ أَنتُمۡ وَءَابَآؤُكُمُ ٱلۡأَقۡدَمُونَ ٧٦

| أَفَرَءَيۡتُم | مَّا | كُنتُمۡ تَعۡبُدُونَ ٧٥ | أَنتُمۡ | وَءَابَآؤُكُمُ | ٱلۡأَقۡدَمُونَ ٧٦ |
|---|---|---|---|---|---|
| کیا پھر تم نے دیکھا | جن کی | تم عبادت کرتے ہو | تم | اور تمھارے باپ دادا | پہلے ؟ |

کیا پھر تم نے دیکھا جن کی تم عبادت کرتے ہو تم اور تمھارے پہلے باپ دادا۔

فَإِنَّهُمۡ عَدُوٌّ لِّيٓ إِلَّا رَبَّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ٧٧ ٱلَّذِي

| فَإِنَّهُمۡ | عَدُوٌّ | لِّيٓ | إِلَّا | رَبَّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ٧٧ | ٱلَّذِي |
|---|---|---|---|---|---|
| پس بیشک وہ | دشمن ہیں | میرے | سوائے | رب العالمین کے | وہ جس نے |

یہ سب تو میرے دشمن ہیں سوائے رب العالمین کے۔

خَلَقَنِي فَهُوَ يَهۡدِينِ ٧٨ وَٱلَّذِي هُوَ يُطۡعِمُنِي

| خَلَقَنِي | فَهُوَ | يَهۡدِينِ ٧٨ | وَٱلَّذِي | هُوَ | يُطۡعِمُنِي |
|---|---|---|---|---|---|
| مجھے پیدا کیا | پس وہی | میری رہنمائی کرتا ہے | اور وہ جو کہ | وہی | مجھے کھلاتا ہے |

وہ جس نے مجھے پیدا کیا پس وہی میری رہنمائی کرتا ہے اور وہی ہے جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے

وَيَسۡقِينِ۝٧٩ وَإِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ يَشۡفِينِ۝٨٠ وَٱلَّذِي

| وَٱلَّذِي | يَشۡفِينِ۝٨٠ | فَهُوَ | مَرِضۡتُ | وَإِذَا | وَيَسۡقِينِ۝٧٩ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ جو کہ | مجھے شفا دیتا ہے | تو وہی | میں بیمار ہوتا ہوں | اور جب | اور مجھے پلاتا ہے |
| اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔ | | | | | |

يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحۡيِينِ۝٨١ وَٱلَّذِيٓ أَطۡمَعُ أَن

| أَن | أَطۡمَعُ | وَٱلَّذِيٓ | يُحۡيِينِ۝٨١ | ثُمَّ | يُمِيتُنِي |
|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | میں اُمید رکھتا ہوں | اور وہ جس سے | وہ مجھے زندہ کرے گا | پھر | وہ مجھے مارے گا |
| اور وہی ہے جو مجھے موت دے گا پھر مجھے زندہ کرے گا۔ اور وہی ہے جس سے میں اُمید رکھتا ہوں | | | | | |

يَغۡفِرَ لِي خَطِيٓـَٔتِي يَوۡمَ ٱلدِّينِ۝٨٢ رَبِّ هَبۡ

| هَبۡ | رَبِّ | يَوۡمَ ٱلدِّينِ۝٨٢ | خَطِيٓـَٔتِي | لِي | يَغۡفِرَ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو عطا کر | اے میرے رب! | جزا کے دن | میری خطائیں | مجھے | وہ بخش دے گا |
| کہ وہ روز جزا میری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا۔ اے میرے رب! | | | | | |

لِي حُكۡمٗا وَأَلۡحِقۡنِي بِٱلصَّٰلِحِينَ۝٨٣ وَٱجۡعَل لِّي

| لِّي | وَٱجۡعَل | بِٱلصَّٰلِحِينَ۝٨٣ | وَأَلۡحِقۡنِي | حُكۡمٗا | لِي |
|---|---|---|---|---|---|
| میرے لیے | اور تو بنا دے | نیک لوگوں کے ساتھ | اور مجھے ملا دے | حکمت | مجھے |
| تو مجھے حکمت عطا کر اور مجھے اپنے نیک لوگوں میں شامل کر دے۔ | | | | | |

لِسَانَ صِدۡقٍ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ﴿٨٤﴾ وَٱجۡعَلۡنِي مِن وَرَثَةِ

| لِسَانَ | صِدۡقٍ | فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ﴿٨٤﴾ | وَٱجۡعَلۡنِي | مِن وَرَثَةِ |
|---|---|---|---|---|
| زبان | سچائی کی (میرا ذکر خیر جاری رکھ) | پچھلے لوگوں میں | اور تو مجھے بنادے | وارثوں میں سے |
| اور میرا ذکر خیر پچھلے لوگوں میں بھی باقی رکھ | | | | |

جَنَّةِ ٱلنَّعِيمِ ﴿٨٥﴾ وَٱغۡفِرۡ لِأَبِيٓ إِنَّهُۥ كَانَ مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ﴿٨٦﴾

| جَنَّةِ ٱلنَّعِيمِ ﴿٨٥﴾ | وَٱغۡفِرۡ | لِأَبِيٓ | إِنَّهُۥ | كَانَ | مِنَ ٱلضَّآلِّينَ ﴿٨٦﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| نعمتوں والی جنت کے | اور تو بخش دے | میرے باپ کو | بیشک وہ | ہے | گمراہوں میں سے |
| اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے بنادے۔ اور میرے باپ کو بخش دے بیشک وہ گمراہوں میں سے ہے۔ | | | | | |

وَلَا تُخۡزِنِي يَوۡمَ يُبۡعَثُونَ ﴿٨٧﴾ يَوۡمَ لَا يَنفَعُ مَالٞ

| وَلَا تُخۡزِنِي | يَوۡمَ | يُبۡعَثُونَ ﴿٨٧﴾ | يَوۡمَ | لَا يَنفَعُ | مَالٞ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور تو مجھے رسوانہ کرنا | اس دن | کہ وہ سب دوبارہ اُٹھائیں جائینگے | جس دن | نفع نہیں دے گا | مال |
| اور مجھے رسوانہ کیجیو اُس دن جب سب لوگ اٹھائے جائینگے۔ جس دن نہ مال کام آئے گا اور نہ بیٹے۔ | | | | | |

وَلَا بَنُونَ ﴿٨٨﴾ إِلَّا مَنۡ أَتَى ٱللَّهَ بِقَلۡبٖ سَلِيمٖ ﴿٨٩﴾

| وَلَا بَنُونَ ﴿٨٨﴾ | إِلَّا | مَنۡ | أَتَى | ٱللَّهَ | بِقَلۡبٖ سَلِيمٖ ﴿٨٩﴾ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ بیٹے (اولاد) | مگر | اس کو جو | آیا (حاضر ہوا) | اللہ کے پاس | قلب سلیم کے ساتھ |
| سوائے اُس کے جو اللہ کے پاس قلب سلیم لے کر آئے۔ | | | | | |

وَأُزۡلِفَتِ ٱلۡجَنَّةُ لِلۡمُتَّقِينَ ۝٩٠ وَبُرِّزَتِ ٱلۡجَحِيمُ لِلۡغَاوِينَ ۝٩١

| وَأُزۡلِفَتِ | ٱلۡجَنَّةُ | لِلۡمُتَّقِينَ ۝٩٠ | وَبُرِّزَتِ | ٱلۡجَحِيمُ | لِلۡغَاوِينَ ۝٩١ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور قریب کی جائے گی | جنت | متقیوں کے لیے | اور ظاہر کی جائے گی | جہنم | گمراہوں کے لیے |
| اور متقیوں کے لیے جنت قریب کی جائے گی اور جہنم گمراہوں کے لیے ظاہر کی جائے گی | | | | | |

وَقِيلَ لَهُمۡ أَيۡنَمَا كُنتُمۡ تَعۡبُدُونَ ۝٩٢ مِن دُونِ ٱللَّهِ هَلۡ

| وَقِيلَ | لَهُمۡ | أَيۡنَمَا | كُنتُمۡ تَعۡبُدُونَ ۝٩٢ | مِن دُونِ ٱللَّهِ | هَلۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور کہا جائے گا | ان سے | وہ کہاں ہیں جن کی | تم عبادت کرتے تھے | اللہ کے سوا؟ | کیا |
| اور ان سے کہا جائے گا وہ کہاں ہیں جن کی تم عبادت کیا کرتے تھے اللہ کے سوا؟ | | | | | |

يَنصُرُونَكُمۡ أَوۡ يَنتَصِرُونَ ۝٩٣ فَكُبۡكِبُواْ فِيهَا هُمۡ

| يَنصُرُونَكُمۡ | أَوۡ | يَنتَصِرُونَ ۝٩٣ | فَكُبۡكِبُواْ | فِيهَا | هُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| وہ تمھاری مدد کر سکتے ہیں؟ | یا | وہ بدلہ لے سکتے ہیں؟ | پھر وہ اوندھے منہ ڈالے جائینگے | اس میں | وہ |
| کیا وہ تمھاری مدد کر سکتے ہیں؟ یا وہ بدلہ لے سکتے ہیں؟ پھر وہ اور سب گمراہ لوگ جہنم میں اوندھے منہ ڈالے جائینگے | | | | | |

وَٱلۡغَاوُۥنَ ۝٩٤ وَجُنُودُ إِبۡلِيسَ أَجۡمَعُونَ ۝٩٥ قَالُواْ وَهُمۡ فِيهَا

| وَٱلۡغَاوُۥنَ ۝٩٤ | وَجُنُودُ إِبۡلِيسَ | أَجۡمَعُونَ ۝٩٥ | قَالُواْ | وَهُمۡ | فِيهَا |
|---|---|---|---|---|---|
| اور سب گمراہ لوگ | اور ابلیس کے لشکر | سب کے سب | وہ کہیں گے | جبکہ وہ | اس میں |
| اور ابلیس کے لشکر بھی سب کے سب۔ وہ کہیں گے جبکہ وہ اس میں جھگڑتے ہونگے۔ | | | | | |

يَخۡتَصِمُونَ۝٩٦ تَٱللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ۝٩٧ إِذۡ

| يَخۡتَصِمُونَ۝٩٦ | تَٱللَّهِ | إِن | كُنَّا | لَفِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ۝٩٧ | إِذۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑتے ہونگے | اللہ کی قسم! | بیشک | ہم تھے | یقیناً کھلی گمراہی میں | جب کہ |

اللہ کی قسم! یقیناً ہم کھلی گمراہی میں تھے۔

نُسَوِّيكُم بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۝٩٨ وَمَآ أَضَلَّنَآ إِلَّا ٱلۡمُجۡرِمُونَ۝٩٩

| نُسَوِّيكُم | بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۝٩٨ | وَمَآ أَضَلَّنَآ | إِلَّا | ٱلۡمُجۡرِمُونَ۝٩٩ |
|---|---|---|---|---|
| ہم تمھیں برابر ٹھہراتے تھے | رب العالمین کے ساتھ | اور ہمیں گمراہ نہیں کیا تھا | مگر | (ان بڑے) مجرموں ہی نے |

جب کہ ہم تمھیں رب العالمین کے ساتھ برابر ٹھہراتے تھے اور ہمیں تو سوائے ان مجرموں کے کسی اور نے گمراہ نہیں کیا تھا۔

فَمَا لَنَا مِن شَٰفِعِينَ۝١٠٠ وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٖ۝١٠١ فَلَوۡ

| فَمَا | لَنَا | مِن شَٰفِعِينَ۝١٠٠ | وَلَا صَدِيقٍ | حَمِيمٖ۝١٠١ | فَلَوۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| اب نہیں ہیں | ہمارے لیے | کوئی بھی سفارشی | اور نہ کوئی دوست | مخلص | پھر کاش |

اب ہمارے لیے کوئی بھی سفارشی نہیں ہیں اور نہ کوئی مخلص دوست۔

أَنَّ لَنَا كَرَّةٗ فَنَكُونَ مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ۝١٠٢ إِنَّ

| أَنَّ | لَنَا | كَرَّةٗ | فَنَكُونَ | مِنَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ۝١٠٢ | إِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| کہ بیشک | ہمارے لیے ہو | ایک بار لوٹنا (دنیا میں) | تو ہم ہونگے | مومنوں میں سے | بیشک |

تو اگر ہمیں ایک مرتبہ لوٹنا نصیب ہو جائے تو ہم مومن بن جائینگے۔

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةًۖ وَمَا كَانَ أَكۡثَرُهُم مُّؤۡمِنِينَ۝١٠٣ وَإِنَّ

| وَإِنَّ | مُّؤۡمِنِينَ۝١٠٣ | أَكۡثَرُهُم | وَمَا كَانَ | لَآيَةًۖ | فِي ذَٰلِكَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور یقیناً | ایمان لانے والے | ان کے اکثر | اور نہیں تھے | یقیناً عظیم نشانی ہے | اس (قصہ ابراہیم) میں |

یقیناً اس (قصہ ابراہیم) میں عظیم نشانی ہے اور ان کے اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے۔

رَبَّكَ لَهُوَ ٱلۡعَزِيزُ ٱلرَّحِيمُ۝١٠٤ كَذَّبَتۡ قَوۡمُ

| قَوۡمُ نُوحٍ | كَذَّبَتۡ | ٱلرَّحِيمُ۝١٠٤ | ٱلۡعَزِيزُ | لَهُوَ | رَبَّكَ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| قوم نوح نے | جھٹلایا | بہت رحم کرنے والا | نہایت غالب | یقیناً وہی ہے | آپؐ کا رب |

اور یقیناً آپؐ کا رب نہایت زبردست' بہت رحم کرنے والا ہے۔ قوم نوح نے رسولوں کو جھٹلایا

ٱلۡمُرۡسَلِينَ۝١٠٥ إِذۡ قَالَ لَهُمۡ أَخُوهُمۡ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ۝١٠٦

| أَلَا تَتَّقُونَ۝١٠٦ | أَخُوهُمۡ نُوحٌ | لَهُمۡ | قَالَ | إِذۡ | ٱلۡمُرۡسَلِينَ۝١٠٥ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں | اُن کے بھائی نوح نے | انہیں | کہا | جب | رسولوں کو |

جب اُنہیں اُن کے بھائی نوح نے کہا کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں۔

إِنِّي لَكُمۡ رَسُولٌ أَمِينٌ۝١٠٧ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ۝١٠٨

| وَأَطِيعُونِ۝١٠٨ | فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ | أَمِينٌ۝١٠٧ | رَسُولٌ | لَكُمۡ | إِنِّي |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| اور میری اطاعت کرو | لہذا تم اللہ سے ڈرو | امانت دار | رسول ہوں | تمھارے لیے | بیشک میں |

بیشک میں تمھارے لیے امانت دار رسول ہوں۔ لہذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو

وَمَآ أَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ أَجۡرٍۖ إِنۡ أَجۡرِيَ إِلَّا

| وَمَآ أَسۡـَٔلُكُمۡ | عَلَيۡهِ | مِنۡ أَجۡرٍۖ | إِنۡ | أَجۡرِيَ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| اور میں تم سے نہیں مانگتا | اس پر | کوئی اجر | نہیں ہے | میرا اجر | مگر |
| اور میں تم سے اس پر کوئی اجرت نہیں مانگتا میری اُجرت تو رب العالمین کے ذمے ہے۔ | | | | | |

عَلَىٰ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ١٠٩ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ ١١٠ قَالُوٓاْ أَنُؤۡمِنُ

| عَلَىٰ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ١٠٩ | فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ | وَأَطِيعُونِ ١١٠ | قَالُوٓاْ | أَ | نُؤۡمِنُ |
|---|---|---|---|---|---|
| رب العالمین کے ذمے | لہٰذا تم اللہ سے ڈرو | اور میری اطاعت کرو | انہوں نے کہا | کیا | ہم ایمان لائیں |
| لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو انہوں نے کہا کیا ہم تجھ پر ایمان لائیں | | | | | |

لَكَ وَٱتَّبَعَكَ ٱلۡأَرۡذَلُونَ ١١١ قَالَ وَمَا عِلۡمِي

| لَكَ | وَ | ٱتَّبَعَكَ | ٱلۡأَرۡذَلُونَ ١١١ | قَالَ | وَمَا عِلۡمِي |
|---|---|---|---|---|---|
| تجھ پر | حالانکہ | تیری پیروی کی ہے | رذیل ترین (گھٹیا) لوگوں نے؟ | (نوح نے) کہا | اور مجھے کیا پتہ (علم) |
| حالانکہ تیری پیروی کرنے والے گھٹیا لوگ ہیں۔ نوح نے کہا مجھے کیا علم کہ وہ کیا کام کرتے ہیں۔ | | | | | |

بِمَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ١١٢ إِنۡ حِسَابُهُمۡ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّيۖ

| بِمَا | كَانُواْ يَعۡمَلُونَ ١١٢ | إِنۡ | حِسَابُهُمۡ | إِلَّا | عَلَىٰ رَبِّيۖ |
|---|---|---|---|---|---|
| اس کا جو | وہ عمل کیا کرتے تھے؟ | نہیں ہے | ان کا حساب | مگر | میرے رب کے ذمے |
| ان کا حساب تو میرے رب کے ذمے ہے کاش کہ تم لوگوں کو شعور ہوتا۔ | | | | | |

لَوۡ تَشۡعُرُونَ﴿١١٣﴾ وَمَآ أَنَا۠ بِطَارِدِ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ﴿١١٤﴾ إِنۡ أَنَا۠

| إِنۡ أَنَا۠ | ٱلۡمُؤۡمِنِينَ﴿١١٤﴾ | بِطَارِدِ | وَمَآ أَنَا۠ | تَشۡعُرُونَ﴿١١٣﴾ | لَوۡ |
|---|---|---|---|---|---|
| میں نہیں ہوں | ایمان والوں کو | دور کرنے والا | اور میں نہیں ہوں | شعور رکھتے | کاش کہ تم |

اور میں ایمان والوں کو دور کرنے والا نہیں ہوں۔

إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ﴿١١٥﴾ قَالُواْ لَئِن لَّمۡ تَنتَهِ

| لَّمۡ تَنتَهِ | لَئِن | قَالُواْ | مُّبِينٌ﴿١١٥﴾ | نَذِيرٌ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| تو باز نہ آیا | یقیناً اگر | انہوں نے کہا | کھلم کھلا | ڈرانے والا | مگر |

میں تو بس ایک صاف صاف خبر دار کرنے والا ہوں۔ انہوں نے کہا

يَٰنُوحُ لَتَكُونَنَّ مِنَ ٱلۡمَرۡجُومِينَ﴿١١٦﴾ قَالَ رَبِّ إِنَّ

| إِنَّ | رَبِّ | قَالَ | مِنَ ٱلۡمَرۡجُومِينَ﴿١١٦﴾ | لَتَكُونَنَّ | يَٰنُوحُ |
|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اے میرے رب! | (نوح نے) کہا | سنگسار کیے ہوئے لوگوں میں سے | تو یقیناً تُو ضرور ہو جائے گا | اے نوح! |

اے نوح! اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمھیں سنگسار کر دینگے۔ نوح نے کہا اے میرے رب!

قَوۡمِي كَذَّبُونِ﴿١١٧﴾ فَٱفۡتَحۡ بَيۡنِي وَبَيۡنَهُمۡ فَتۡحًا

| فَتۡحًا | وَبَيۡنَهُمۡ | بَيۡنِي | فَٱفۡتَحۡ | كَذَّبُونِ﴿١١٧﴾ | قَوۡمِي |
|---|---|---|---|---|---|
